## خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی

## دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

No.F.2/08/2020/S.I/part file/195 Dated: 24.05.2020

### حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا اندیشہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صورت حال سے مناسب طور پر نپٹنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات لینے کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کو وقتاً فوقتاً مختلف احکامات / ہدایات جاری کی ہیں؛

نیز چونکہ، وزارت داخلہ، بھارت سرکار نے اپنے حکم ناموں نمبر 40-3/2020-DM-I(A) مؤرخہ 17.05.2020، 19.05.2020 اور 20.05.2020 کے تسلسل میں، حکم نامے نمبر 40-3/2020-DM-I(A) مؤرخہ 24.05.2020 (نقل منسلک) کی رو سے، اسی نمبر کے حامل وزارت داخلہ کے حکم نامے مؤرخہ 05.05.2020 کی تنسیخ کرتے ہوئے، بین الاقوامی پروازوں کی آمد سے متعلق وزارت صحت اور خاندانی بہبود، بھارت سرکار کے جاری کردہ آفس میمورنڈم مؤرخہ 24.05.2020 (نقل منسلک) کے ساتھ، ملک سے باہر پھنسے ہوئے ہندوستانی شہریوں کی اور بیرون ملک سفر کرنے والے مخصوص اشخاص کی نقل و حرکت کے لیے معیاری طریق عمل (SOP) جاری کیا ہے؛

لہٰذا اب، ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے کے چیئر پرسن کی حیثیت سے، ڈی ڈی ایم اے کے حکم نامے نمبر 172 مؤرخہ 18.05.2020 کی تنسیخ کرتے ہوئے، بذریعہٗ ہٰذا تمام متعلقہ اتھارٹیز کو ہدایات دیتا ہے کہ وہ ملک سے باہر پھنسے ہوئے ہندوستانی شہریوں کی اور بیرون ملک سفر کرنے والے مخصوص اشخاص کی نقل و حرکت کے لیے وزارت داخلہ کے جاری کردہ منسلکہ معیاری طریق عمل (SOP) اور وزارت صحت اور خاندانی بہبود، بھارت سرکار کی مؤرخہ 24.05.2020 کو جاری کردہ رہنما ہدایات کی، لفظاً اور معناً، تعمیل کو یقینی بنائیں۔

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

نقل برائے تعمیل بخدمت:

1. چیئرمین، ایرپورٹ اتھارٹی آف انڈیا
2. ڈائرکٹر جنرل، بیورو آف سول ایوی ایشن سکیورٹی
3. خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے تمام ایڈیشنل چیف سیکرٹری / پرنسپل سیکرٹری / سیکرٹری / محکمہ جات کے سربراہان / خود مختار اداروں / پی ایس یوز / کارپوریشنیں / مقامی حکومت کے ادارے
4. کمشنر آف پولیس، دہلی
5. پرنسپل سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
6. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
7. دہلی پولیس کے تمام ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر
8. ڈائرکٹر (ڈی آئی پی)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی، برائے وسیع تشہیر

نقل برائے اطلاع بخدمت:

1. عزت مآب وزیر صحت اور خاندانی بہبود، بھارت سرکار کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر مملکت شہری ہوابازی (آزاد چارج)، بھارت سرکار کے پرائیویٹ سیکرٹری
3. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
4. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ایڈیشنل سیکرٹری
5. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
6. عزت مآب وزیر صحت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
7. عزت مآب وزیر ریوینیو، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
8. عزت مآب وزیر محنت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
9. عزت مآب وزیر سماجی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
10. عزت مآب وزیر غذا اور رسد، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
11. ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم)، دہلی
12. پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو) نیز ڈویژنل کمشنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
13. ڈی ڈی ایم اے، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکیٹو کمیٹی کے تمام اراکین
14. سسٹم انالسٹ، آفس آف ڈویژنل کمشنر، دہلی، اس حکم نامے کو ویب سائٹ ddma.delhigovt.nic.in پر ڈالنے کے لیے۔
15. گارڈ فائل

**40-3/2020-DM-I(A)**

**بھارت سرکار**

**وزارت داخلہ**

نارتھ بلاک، نئی دہلی-110001

تاریخ:24/مئی،2020

## حکم نامہ

وزارت داخلہ کے حکم ناموں نمبر40-3/2020-DM-I(A) مؤرخہ 17/مئی، 2020، 19/مئی 2020 اور 20/مئی،2020 کے تسلسل میں اور ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ کی دفعہ (I)(2)10 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی کے چیئرپرسن کی حیثیت سے، اسی نمبر کے حامل وزارت داخلہ کے حکم نامے مؤرخہ 5/مئی، 2020 کی تنسیخ کرتے ہوئے، بھارت سرکار کی وزارتوں/محکمہ جات، ریاستی/مرکزی علاقوں کی حکومتوں اور ریاستی/مرکزی علاقوں کی اتھارٹیز کو بذریعہٗ ہٰذا **ملک سے باہر پھنسے ہوئے ہندوستانی شہریوں کی اور بیرون ملک سفر کرنے والے مخصوص اشخاص کی نقل وحرکت کے لیے** مسلکہ معیاری طریق عمل(SOP) جاری کرتا ہے اوران کی سختی سے تعمیل کی ہدایت دیتا ہے۔

داخلہ سیکرٹری

بخدمت:(مسلکہ فہرست کے مطابق)

1. بھارت سرکار کی وزارتوں/محکمہ جات کے سیکرٹری
2. ریاستوں/مرکزی علاقوں کے چیف سیکرٹری/ایڈمنسٹریٹر

**نقل بخدمت:**

i. نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی کے تمام اراکین
ii. ممبر سیکرٹری، نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

وزارت داخلہ (MHA) کے حکم نامہ نمبر 40-3/2020-DM-I(A) مؤرخہ 24/ مئی، 2020 کا Annexure

A۔ ملک سے باہر پھنسے ہوئے ہندوستانی شہریوں کی نقل و حرکت کے لیے معیاری طریق عمل (SOP)

عالمی وبا کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کی غرض سے، لاک ڈاؤن کے نفاذ سے متعلق وزارت داخلہ کے احکامات کے تحت مسافروں کے بین الاقوامی سفر پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ دستیاب معلومات کے مطابق، لاک ڈاؤن سے پہلے ملازمت، مطالعات/انٹرن شپ، سیاحت، تجارت جیسے مختلف مقاصد سے مختلف ممالک میں سفر پر ہونے والے بہت سے ہندوستانی شہری ملک سے باہر پھنسے ہوئے ہیں۔ بیرون ملک اپنے طویل قیام کی وجہ سے وہ پریشانی میں مبتلا ہیں اور فوری طور پر ہندوستان واپس آنے کے خواہش مند ہیں۔ مذکورہ بالا معاملات کے علاوہ، میڈیکل ایمرجنسی یا کنبے کے کسی فرد کی موت کی وجہ سے بہت سے ہندوستانی شہریوں کا ہندوستان آنا ضروری ہے۔

2۔ ایسے ہندوستانی شہریوں کی نقل و حرکت میں سہولت دینے کے لیے، بذریعہ ہٰذا مندرجہ ذیل معیاری طریق عمل طے کیا جاتا ہے:

i. ایسے افراد اس ملک کے ہندوستانی مشن میں جہاں وہ پھنسے ہوئے ہیں، وزارت خارجہ کے ذریعے صراحت کردہ ضروری تفصیلات کے ساتھ اپنا اندراج کرائیں گے۔

ii. وہ ایسی نان شیڈیولڈ تجارتی پروازوں کے ذریعے جن کی اجازت وزارت شہری ہوا بازی (MOCA) دے گی؛ ایسے پانی کے جہازوں کے ذریعے جن کی اجازت محکمہ فوجی معاملات (DMA)/ وزارت جہاز رانی (MOS) دے گا، ہندوستان کا سفر کریں گے۔ ان ہوائی جہازوں/پانی کے جہازوں کو چلانے کی اجازت صرف اسی عملے اور اسٹاف کو دی جائے گی جو کووڈ-19 کے ٹسٹ میں نیگیٹو ہوں گے۔

iii. نوکری سے ہٹائے گئے مہاجر مزدوروں/محنت کشوں، قلیل مدت ویزا رکھنے والے افراد جنھیں ویزا کی میعاد ختم ہونے کا مسئلہ درپیش ہے، میڈیکل ایمرجنسی میں مبتلا افراد/حاملہ خواتین/معمر افراد، کنبے کے فرد کی موت کی وجہ سے ہندوستان واپس آنے والے افراد، اور طلبہ سمیت، انتہائی پریشانی میں مبتلا افراد کو ترجیح دی جائے گی

iv. سفر کرانے والوں کے ذریعے صراحت کردہ سفر کا خرچ ایسے مسافروں کے ذریعے اٹھایا جائے گا۔

v. موصول ہونے والے اندراجات کی بنیاد پر، وزارت خارجہ ایسے تمام مسافروں کا پروازوں/بحری سفر کے اعتبار سے ڈیٹا بیس تیار کرے گی جس میں نام، عمر، صنف، موبائل فون نمبر، جائے رہائش، آخری منزل کی تفصیلات؛ اور RT-PCR ٹسٹ اور اس کے نتیجے کی جانکاری شامل ہوں گی۔ وزارت خارجہ اس ڈیٹا بیس کی پیشگی معلومات متعلقہ ریاست/مرکزی علاقے کو بھیجے گی۔

vi. وزارت خارجہ ریاست وار/مرکزی علاقہ وار نوڈل آفیسر نامزد کرے گی جو اس مقصد کے لیے متعلقہ ریاستوں/مرکزی علاقوں کے نامزد کردہ نوڈل افسران کے ساتھ رابطہ کاری کریں گے۔

vii. وزارت خارجہ، ملک میں آنے والی پروازوں/بحری جہازوں کے نظام الاوقات (دن، مقام اور آمد کا وقت) کا اعلان، اپنے آن لائن ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر، کم از کم دو دن پہلے کرے گی۔

viii. تمام مسافروں کے لیے یہ اقرار نامہ دینا ضروری ہوگا کہ وہ یہ سفر اپنی ذمہ داری پر کر رہے ہیں۔

ix. زمینی سرحدوں کے راستے آنے والے مسافروں کو بھی مذکورہ بالا پروٹوکول کی پابندی کرنی ہوگی، اور صرف ان افراد کو سرحد پار کرکے ہندوستان میں داخل ہونے دیا جائے گا جن میں علامات نہیں پائی جائیں گی۔

x. قرنطینہ کے انتظامات سمیت، بین الاقوامی آمد کے لیے وزارت صحت اور خاندانی بہبود (MoHFW) کے ذریعے 24/ مئی، 2020 کو جاری کی گئی رہنما ہدایات کی پابندی کی جائے گی۔ رہنما ہدایات کی ایک نقل منسلک ہے۔

**B۔ ہندوستان میں پھنسے ہوئے بیرون ملک سفر کرنے کے خواہش مند افراد کی نقل و حرکت کے لیے معیاری طریق عمل (SOP)**

عالمی وبا کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کی غرض سے، لاک ڈاؤن کے نفاذ سے متعلق وزارت داخلہ کے احکامات کے تحت مسافروں کے بین الاقوامی سفر پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ دستیاب معلومات کے مطابق، بہت سے افراد ہندوستان میں پھنسے ہوئے ہیں جو مختلف مقاصد سے فوری طور پر ملک سے باہر سفر کرنا چاہتے ہیں۔

2۔ ایسے افراد کی نقل و حرکت میں سہولت دینے کے لیے، بذریعہ ہٰذا مندرجہ ذیل معیاری طریق عمل طے کیا جاتا ہے:

i. ایسے افراد وزارت شہری ہوابازی (MoCA) یا ایسی کسی ایجنسی جسے وزارت شہری ہوابازی نے اس مقصد کے لیے نامزد کیا ہو، کو روانگی اور آمد کے مقامات سمیت، MoCA کی صراحت کردہ ضروری تفصیلات کے ساتھ درخواست دیں گے۔

ii. صرف انھیں افراد کو سفر کرنے کی اجازت دی جائے گی جو ان ممالک میں جانا چاہتے ہیں جہاں کے وہ شہری ہیں؛ جن کے پاس اس ملک کا کم سے کم ایک سال کا ویزا ہے؛ اور جو گرین کارڈ یا OCI کارڈ رکھتے ہیں۔ میڈیکل ایمرجنسی یا کنبے میں موت ہو جانے کے معاملوں میں، چھ مہینے کا ویزا رکھنے والے ہندوستانی شہریوں کو بھی اجازت دی جا سکتی ہے۔

iii. ہندوستان سے باہر کا سفر نان شیڈیولڈ تجارتی پروازوں کے ذریعے کیا جائے گا جن کی اجازت وزارت شہری ہوابازی (MOCA) بیرون ملک میں پھنسے ہوئے ہندوستانی شہریوں کو واپس لانے کے لیے دے گی؛

iv. ہندوستانی جہازی/ عملہ جو بیرون ملک بحری جہازوں پر خدمات انجام دینے کے معاہدوں کو قبول کرنا چاہتے ہیں، وزارت جہاز رانی کی منظوری کی شرط پر، وندے بھارت مشن کے تحت ہندوستان سے روانہ ہونے والی نان شیڈولڈ تجارتی پروازوں یا دیگر پروازوں سے سفر کر سکتے ہیں جن کا انتظام ان کے آجرین نے کیا ہو۔

v. ایسے افراد کے ٹکٹوں کے پکا ہونے سے پہلے، MoCA اس امر کو یقینی بنائے گی کہ وہ افراد جس ملک میں جانا چاہتے ہیں وہ اپنے یہاں ایسے افراد کے داخلے کی اجازت دیتا ہے۔ اگر اس ملک نے اس سلسلے میں کچھ شرائط عائد کی ہیں تو وہاں کے لیے عازم سفر شخص کو انھیں پورا کرنا ہوگا۔

vi. سفر کرانے والوں کے ذریعے صراحت کردہ سفر کا خرچ ایسے مسافروں کے ذریعے اٹھایا جائے گا۔

vii. جہاز میں سوار ہوتے وقت، MoCA اس امر کو یقینی بنائے گی کہ تمام مسافر صحت کے پروٹوکول کے مطابق تھرمل اسکریننگ کرائیں گے۔ صرف انھیں مسافروں کو جہاز میں سوار ہونے دیا جائے گا جن میں علامات نہیں پائی جائیں گی۔

viii. پرواز کے دوران، ایرلائن کا اسٹاف، عملہ اور تمام مسافر حفظ ماتقدم کی تمام تدابیر جیسے ماسک پہننا، ماحولیاتی حفظان صحت، تنفس سے متعلق حفظان کے اصولوں پر عمل کریں گے۔

***

F.No.Z.28015/19/2020-EMR (Pt.)

بھارت سرکار

وزارت صحت اور خاندانی بہبود

نرمان بھون، نئی دہلی

تاریخ: 24/ مئی، 2020

## آفس میمورنڈم

بھارت سرکار کووڈ-19 کے انتظام کے لیے مختلف اقدامات کر رہی ہے۔ بتدریج لیے جانے والے اقدامات کے سلسلے میں سفر سے متعلق پابندیاں عائد کی گئیں اور بدلتے ہوئے حالات کے تناظر میں وقتاً فوقتاً رہنما ہدایات جاری کی جاتی رہیں۔ 25/ مارچ، 2020 سے پورے ملک میں لاک ڈاؤن نافذ کیا گیا اور ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ کے تحت احکامات جاری کیے گئے۔ ریاستوں کو صلاح دی گئی ہے کہ چھوت لگنے کے سلسلے کو توڑنے اور کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے سخت تدابیر اختیار کی جائیں۔

بعد ازاں بعض سرگرمیوں کی اجازت دی گئی ہے جن میں مہاجر مزدوروں کے لیے ٹرینیں اور دوسرے ممالک میں پھنسے ہوئے ہندوستانیوں کا انخلاء شامل ہیں۔ ٹرینوں کی باقاعدہ خدمات بھی بتدریج از سر نو شروع کی جا رہی ہیں اور ملکی پروازوں کی محدود خدمات کا آغاز 25/ مئی، 2020 سے ہونے جا رہا ہے۔

ایسے سفر کے دوران صحت سے متعلق ہدایات کو ہم آہنگ کرنے کے مقصد سے، منسلکہ annexures میں مذکورہ رہنما ہدایات بذریعۂ ہٰذا جاری کی جاتی ہیں۔

ریاستوں/ مرکزی علاقوں سے مذکورہ رہنما ہدایات پر عمل درآمد کی درخواست ہے۔ تاہم، کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو مؤثر طور پر روکنے کے لیے، وہ صورت حال کے اپنے جائزے کے مطابق اپنے پروٹوکول وضع کر کے نافذ کر سکتے ہیں۔

اسے مجاز اتھارٹی کی اجازت سے جاری کیا گیا ہے۔

منسلکات:

1) بین الاقوامی آمد کے لیے رہنما ہدایات
2) درون ملک سفر (ہوائی جہاز سے/ ٹرین سے/ بین الریاستی سفر) کے لیے رہنما ہدایات

(ڈاکٹر پی رویندرن)

ڈائرکٹر، ای ایم آر

ڈائرکٹوریٹ جی ایچ ایس، وزارت صحت اور خاندانی بہبود

ٹیلی فون: 011-23061302

بخدمت:

- تمام ریاستوں / مرکزی علاقوں کے چیف سیکرٹری
- سیکرٹری (وزارت داخلہ، وزارت شہری ہوابازی، وزارت جہاز رانی، وزارت شاہراہ اور روڈ ٹرانسپورٹ)
- چیئرمین، لینڈ پورٹ اتھارٹی آف انڈیا

24.05.2020

بھارت سرکار

وزارت صحت اور خاندانی بہبود

## بین الاقوامی آمد کے لیے رہنما ہدایات

i. سوار ہونے سے پہلے، تمام مسافر یہ اقرار نامہ دیں گے کہ وہ ۱۴ دن لازمی قرنطینہ میں رہیں گے۔ ۷ دن ادارہ جاتی قرنطینہ میں جس کا خرچ وہ برداشت کریں گے، اس کے بعد ۷ دن گھر پر سب سے علیحدہ رہ کر اپنی صحت کی خود نگہداشت کرتے ہوئے۔

ii. صرف استثنائی اور مجبوری کے حالات میں جیسے انسانی پریشانی، حمل، کنبے میں موت، سنگین بیماری اور والدین جن کے ساتھ دس سال سے کم عمر کے بچے ہوں، جن کا جائزہ وہ ریاستیں لیں گی جہاں وہ جا رہے ہیں، گھر میں ۱۴ دن کے قرنطینہ کی اجازت دی جا سکتی ہے۔ ایسے معاملات میں آروگیہ سیتو ایپ کا استعمال لازمی ہو گا۔

iii. متعلقہ ایجنسیاں مسافروں کو ٹکٹ کے ساتھ اس بارے میں ہدایات بھی فراہم کریں گی کہ کیا کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا۔

iv. تمام مسافروں کو اپنے موبائل آلات پر آروگیہ سیتو ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی صلاح دی جائے گی۔

v. ہوائی جہاز / پانی کے جہاز میں سوار ہوتے وقت، تھرمل اسکریننگ کے بعد صرف انھیں مسافروں کو سوار ہونے کی اجازت دی جائے گی جن میں علامات نہیں پائی جائیں گی۔

vi. زمینی سرحدوں کے راستے آنے والے مسافروں کو بھی مذکورہ بالا پروٹوکول کی پابندی کرنی ہو گی، اور صرف ان افراد کو سرحد پار کر کے ہندوستان میں داخل ہونے دیا جائے گا جن میں علامات نہیں پائی جائیں گی۔

vii. ہوائی جہاز / پانی کے جہاز میں سوار شخص کو دو خود اقراری فارم بھر کر اس کی ایک نقل ہوائی اڈے / بندر گاہ / لینڈ پورٹ پر موجود صحت اور امیگریشن کارکنان کو دینی ہو گی۔ یہ فارم آروگیہ سیتو ایپ پر بھی دستیاب کرایا جا سکتا ہے۔

viii. ہوائی اڈوں پر نیز پروازوں کے دوران حفظ ماتقدم کی مناسب تدابیر جیسے ماحولیاتی صفائی ستھرائی اور جراثیم کے ازالے کو یقینی بنایا جائے گا۔

ix. سوار ہونے کے دوران اور ہوائی اڈوں پر، سماجی فاصلہ رکھنے کی تمام ممکنہ تدابیر کو یقینی بنایا جائے گا۔

x. ہوائی اڈوں / بندر گاہوں پر اور راستے میں پروازوں اور بحری سفر کے دوران حفظ ماتقدم کے طور پر اپنائی جانے والی تدابیر سمیت، کووڈ۔۱۹ کے بارے میں مناسب اعلان کیا جائے گا۔

xi. پرواز کے دوران، ایرلائن کا اسٹاف، عملہ اور تمام مسافر حفظ ماتقدم کی تمام تدابیر جیسے ماسک پہننا، ماحولیاتی حفظان صحت، تنفس سے متعلق حفظان کے اصولوں پر عمل کریں گے۔

xii. آمد پر، ہوائی اڈے / بندر گاہ / لینڈ پورٹ پر موجود صحت کے کارکنان تمام مسافروں کی تھرمل اسکریننگ کریں گے۔

xiii. اسکریننگ کے دوران جن مسافروں میں علامات پائی جائیں گی انھیں صحت کے پروٹوکول کے مطابق فوراً علاحدہ کر کے طبی سہولت گاہ تک لے جایا جائے گا۔

xiv. باقی مسافروں کو مناسب ادارہ جاتی قرنطینہ سہولت گاہ لے جایا جائے گا جس کا انتظام متعلقہ ریاستی / مرکزی علاقہ کی حکومتیں کریں گی۔

xv. ان مسافروں کو کم از کم سات دن کی مدت کے لیے ادارہ جاتی قرنطینہ میں رکھا جائے گا۔ ان کا ٹسٹ https://www.mohfw.gov.in/pdf/Revisedtestingguidelines.pdf پر دستیاب ICMR پروٹوکول کے مطابق کیا جائے گا۔ اگر وہ ٹسٹ میں پازیٹو پائے جاتے ہیں تو ان کی طبی تشخیص کی جائے گی۔

a. اگر تشخیص میں ان کی بیماری کو ہلکا پایا جائے گا تو انھیں گھر میں علاحدگی میں رہنے کی اجازت دے دی جائے گی یا انھیں کووڈ کیئر سنٹر (سرکاری اور پرائیویٹ دونوں طرح کی سہولت گاہ) میں، جیسا بھی مناسب ہو، علاحدہ رکھا جائے گا۔

b. جن میں متوسط یا شدید علامات پائی جائیں گی انھیں کووڈ کے علاج کے لیے مخصوص صحت کی سہولت گاہوں میں رکھا جائے گا اور حسب حالت ان کا انتظام کیا جائے گا۔

نیگیٹو پائے جانے پر، انھیں صلاح دی جائے گی کہ وہ گھر پر اپنے آپ کو مزید علاحدہ رکھیں اور ۷ دن تک خود اپنی صحت کی نگہداشت کریں۔

xvi. کسی قسم کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں وہ district surveillance officer یا ریاستی / قومی کال سنٹر (۱۰۷۵) پر اطلاع دیں گے۔

نوٹ: ریاستیں اپنے جائزے کے مطابق قرنطینہ اور علاحدگی سے متعلق خود اپنے پروٹوکول وضع کر سکتی ہیں۔